

# پبلک ویہیکل فار ہائر

**بلیٹن #003**

**ٹیکسی کی قابل رسائی ترغیبات میں تبدیلیاں**

30 جنوری 2023

---

ہر ایک کا پھر سے شکریہ جس نے WAV کیلگری اور ٹیکسی کی قابل رسائی ترغیبات کے پروگرام (ATIP) کے تعلق سے شمولیت کے سیشن میں شرکت کی۔ صنعت بہت دلچسپ تھی، اس نے قابل قدر رائیں فراہم کیں، اور نیچے اس کا خلاصہ دیا جا رہا ہے:

- WAV کیلگری کو کسی ٹیکسی کمپنی کے ذریعہ نہیں چلایا جانا چاہئے
- لازمی ہے کہ WAV کیلگری پلیٹ فارم پر کام کر رہے سبھی ڈرائیوں کے بیچ غیرجانبداری، شافافیت، اور مساوات ہو
- کچھ ڈرائیوروں کو (WAV کیلگری پلیٹ فارم پر) خودکار طور پر 'بڑے' سفر مل جاتے ہیں، اگرچہ کہ جہاں سے مسافر کو لینا ہو وہ اس سے قریب ترین ٹیکسی نہیں ہوتے ہیں
- WAV کیلگری لائن اکثر مصروف رہتی ہیں اور سفر کی تفصیلات کی تصدیق کرنے یا امداد کی درخواست کرنے کے لئے ڈرائیوروں کا کسی ڈسپیچر سے رابطہ نہیں ہو پاتا ہے
- ٹیبلٹ پر موجود گوگل میپ (Google Map) پرانا ہو چکا ہے
- ڈرائیوروں کو ''کوڈ 8'' سفروں (جو ان کے بروکر کے توسط سے فراہم کیے جاتے ہیں) کے لئے فی سفر ترغیبات ملنی چاہئیں
- ڈرائیوروں کو گاہکوں کے ذریعہ منسوخ کردہ WAV سفر اور 'گاہک کے ذریعہ اپنی بکنگ استعمال نہ کرنے' والے سفر کے لئے فی سفر ترغیبات ملنی چاہئیں
- فی سفر ترغیبات کے لئے دن/رات کے اوقات تبدیل کیے جائیں (4 بجے صبح – 6 بجے شام اور 6 بجے شام – 4 بجے صبح)
- ڈرائیوروں کو فی سفر ترغیبات سہ ماہی کے بجائے، ماہانہ طور پر ملنی چاہئیں
- زیادہ دنوں کی ہو چکی گاڑیوں کے لئے مزید مالیات کی فراہمی، بدلی جانے والی گاڑیوں کے لئے اخراجات میں اضافہ، اور نئی/زیادہ نئی گاڑیوں میں ریمپ لگانے کے اخراجات میں اضافہ

ATIP تبدیلیاں:

- فی سفر کے ترغیبی اوقات بدل کر 4 بجے صبح – 4 بجے شام اور 4 بجے شام – 4 صبح کر دیے جائیں گے
- فی سفر ترغیبات کو ماہانہ طور پر جاری کیا جائے گا (WAV کیلگری پلیٹ فارم پر مکمل کردہ سفر کے لئے)
- فی سفر ترغیبات کو بڑھا کر (4 بجے صبح – 4 بجے شام) کے لئے 15 ڈالر اور (4 بجے شام – 4 بجے صبح) کے لئے 25 ڈالر کر دیا جائے گا
- سالانہ قابل رسائی ڈرائیور ترغیبات کو 2000 ڈالر سے بڑھا کر 4500 ڈالر کر دیا جائے گا۔
- سالانہ قابل رسائی پلیٹ ہولڈر ترغیبات کو 3000 ڈالر سے بڑھا کر 3500 ڈالر کر دیا جائے گا

ویہیکل فار ہائر کی ٹیم اضافی ترغیبات دینے کے امکان کا پتہ لگا رہی ہے:

- 'کوڈ 8' سفر
- گاہک کے ذریعہ منسوخ کردہ اور 'گاہک کے ذریعہ اپنی بکنگ استعمال نہ کرنے' والے سفر
- ریمپ لگانے کے لئے مالی امداد

شہر WAV کیلگری نمائندگان کے ساتھ مل کر، سسٹم اپڈیٹ/ڈیٹا کی نظرثانیوں کا پتہ لگا رہا ہے، اور نئی ترغیبات کے موقع کا جائزہ لے رہا ہے۔ ٹیکسی کی قابل رسائی ترغیب فریم ورک کا اپڈیٹ کردہ ورژن Calgary.ca پر پوسٹ کیا گیا ہے۔

**یہ بلیٹن پر امہاری، عربی، ہندی، پنجابی، صومالی اور اردو میں بھی دستیاب ہے Calgary.ca۔**

اگر ٹیکسی کی قابل رسائی ترغیب پروگرام سے متعلق آپ کو کوئی مزید سوال ہو تو، برائے مہربانی ltsengagement@calgary.ca پر ای میل کریں۔

بصد خلوص،

کارگزار نائب صدر، عوامی گاڑیوں کے معیارات
ہنگامی انتظامیہ اور کمیونٹی کی سلامتی